# 09-08-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا نے آج وقف ترمیمی بل 2024 کا جائزہ لینے کے لئے 21 رکنی مشترکہ کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے ایک تحریک منظور کی۔

☆پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس گزشتہ مہینہ کی 22 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ بڑی تبدیلی کے ضامن پروجیکٹس جیسے اے آئی سٹی، نیٹ زیرو فیوچر سٹی اور شہر حیدرآباد کی تجدید نو کے ذریعہ ریاست ترقی کی راہ پر گامزن ہوگی۔

☆ریاستی وزیر سول سپلائیز و آبپاشی اتم کمار ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ کانگریس حکومت سیٹ وِن اور دیگر اداروں کو تقویت بخشتے ہوئے حیدرآباد کے پرانا شہر میں بے روزگاری کے مسئلے سے نمٹنے کے عہد کی پابند ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنے امریکی دورے کے موقع پر کیلیفورنیا میں اڈوب سسٹمس کے سی ای او شانتانو نارائن سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ ریاست میں ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے عالمی سطح کے مختلف کاروباریوں اور صنعت کاروں سے ملاقات کررہے ہیں۔ نارائن سے ملاقات کے دوران ریاستی وزیر آئی ٹی ڈی سریدھر بابو اور دیگر سینئر حکام موجود تھے۔ اس موقع پر شانتانو نارائن نے تلنگانہ حکومت کی جانب سے شروع کردہ مختلف اقدامات جیسے حیدرآباد 4.0 فیوچر سٹی، ینگ انڈیا اسکلس یونیورسٹی اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس سٹی ہب میں اپنی دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے ریاستی حکومت کے ان پروجیکٹس میں اشتراک کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے شانتانو نارائن سے ملاقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر سول سپلائیز و آبپاشی اتم کمار ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ کانگریس حکومت سیٹ وِن اور دیگر اداروں کو تقویت بخشتے ہوئے حیدرآباد کے پرانا شہر میں بے روزگاری کے مسئلے سے نمٹنے کے عہد کی پابند ہے۔ اتم کمار ریڈی نے ریاستی وزیر صحت دامودر راج نرسمہا کے ہمراہ سیٹ وِن کے چیئرمین کی حیثیت سے گری دھر ریڈی کی حلف برداری تقریب میں شرکت کی۔ دونوں وزراء نے اس بات کا اعادہ کیا کہ کانگریس حکومت پرانے شہر کو ترقی یافتہ اور خوشحال بنائے گی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے کہا کہ کانگریس کی توجہ سیٹ وِن کی تجدید نو کرنے، اسکل ڈیولپمنٹ کو فروغ دینے اور قلی قطب شاہ اربن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے ذریعے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔ انہوں نے سیٹ وِن اور پرانے شہر کو نظرانداز کرنے پر سابق ٹی ڈی پی اور بی آر ایس حکومتوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ پرانے شہر میں 45 فیصد نوجوان 20 سے 24 سال کی عمر کے ہیں اور یہاں بے روزگاری کی شرح 21 فیصد ہے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ تلنگانہ کے مختلف اضلاع عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، جے شنکر بھوپل پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڈم کے کئی مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے بعض علاقوں میں بارش ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا نے آج وقف ترمیمی بل 2024 کا جائزہ لینے کے لئے 21 رکنی مشترکہ کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے ایک تحریک منظور کی۔ کمیٹی کے ارکان میں جگدمبیکا پال، نشی کانت دوبے، تیجسوی سوریا، دلیپ سیکیا، گوروگوگوئی، عمران مسعود، محمد جاوید، کلیان بنرجی اور اسدالدین اویسی شامل ہیں۔ اس کمیٹی میں راجیہ سبھا سے بھی دس ارکان شامل ہیں۔ پارلیمانی واقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایوان زیریں میں تحریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ کمیٹی، پارلیمنٹ کے آئندہ سیشن کے پہلے ہفتے کے آخری روز لوک سبھا کو اپنی رپورٹ سونپے گی۔

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ بڑی تبدیلی کے ضامن پروجیکٹس جیسے اے آئی سٹی، نیٹ زیرو فیوچر سٹی اور شہر حیدرآباد کی تجدید نو کے ذریعہ ریاست ترقی کی راہ پر گامزن ہوگی۔ ریونت ریڈی نے کیلیفورنیا کے پالو آلٹو میں ہندوستانی قونصل جنرل کی جانب سے منعقدہ AI بزنس راؤنڈ ٹیبل اجلاس کے دوران مختلف کمپنیوں کے سی ای اوسے خطاب کیا۔ وزیراعلیٰ کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک بیان کے مطابق ریونت ریڈی نے کہا کہ امریکہ میں ہر ریاست کا اپنا ایک مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ریاست تلنگانہ کو بھی دا فیوچر اسٹیٹ بنانے کے مقصد کے تحت کام کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے مختلف کمپنیوں کے سی ای اوز کو تلنگانہ میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ اس موقع پر ریاستی وزیر آئی ٹی وصنعت ڈی سریدھر بابو نے تلنگانہ کی پالیسیوں کو اجاگر کیا۔ اس سے قبل ڈیلاس میں آئی ٹی سرو الائنس کے اجلاس میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے غیر مقیم ہندوستانیوں سے حیدرآباد میں بڑھ چڑھ کر سرمایہ کاری کرنے پر زور دیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے تارک راما راؤ نے سونکی سیلا پراجکٹ کے تعلق سے پروپیگنڈہ کرنے کا کانگریس حکومت پر الزام لگایا۔ واضح رہے کہ نلگنڈہ کے دریائے کرشنا پر واقع ناگرجنا ساگر ڈیم کے ایک حصہ کے طور پر بنائے گئے سونکی سیلا پراجکٹ کی ایک دیوار یکم اگست کو منہدم ہوگئی تھی۔ اس واقعہ سے تنازعہ کھڑا ہوگیا ہے۔ تلنگانہ بھون میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے سابق وزیر نے کہا کہ حیدرآباد میں پانی کی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے سونکی سیلا پراجکٹ تعمیر کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس معاملہ سے نمٹنے میں کانگریس حکومت پر تنقید کی اور کہا کہ حکومت دیوار منہدم ہونے کے تعلق سے لوگوں کو کیوں نہیں بتارہی ہے۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ پراجکٹ میں جلد بازی اور بدانتظامی کی وجہ سے اس کی دیوار منہدم ہوئی ہے۔ انہوں نے تعمیراتی ایجنسی کو بلیک لسٹ کرنے اور اس واقعہ کی عدالتی جانچ کرنے کی مانگ کی۔

☆☆☆☆☆

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس گزشتہ مہینہ کی 22 تاریخ کو شروع ہوا تھا اور پیر کو اس کا اختتام ہونا تھا۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے جانکاری دی کہ اس اجلاس کے دوران تقریباً ایک سو پندرہ گھنٹوں پر مشتمل پندرہ میٹنگیں ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ نرملا سیتارامن نے 23 جولائی کو مرکزی بجٹ 25-2024 پیش کیا تھا جس پر ایوان میں 27 گھنٹے 19 منٹ بحث ہوئی۔ اسپیکر نے کہا کہ اس سیشن کے دوران 12 سرکاری بلز پیش کئے گئے جن میں سے لوک سبھا میں چار بلوں کو منظوری دی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ایوان زیریں میں مالیاتی بل، اقتصادی امور سے متعلق بل، جموں وکشمیر کو بجٹ مختص کرنے سے متعلق بل اور بھارتیہ وایویان بل کو منظور کیا گیا۔ اُدھر راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکر نے کہا کہ ایوان بالا میں مرکزی بجٹ پر تقریباً 22 گھنٹے کی بحث ہوئی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی کانگریس نے آج بھارت چھوڑ تحریک سالگرہ منائی اور لوگوں سے اپیل کی کہ وہ مزید ایک بھارت چھوڑ تحریک کے لئے تیار ہوجائیں کیوں کہ برطانوی حکومت اور بھارتیہ جنتا پارٹی لوگوں میں تفریق کرکے حکومت کرنے کی یکساں ذہنیت رکھتی ہے۔ کانگریس کے ریاستی کارگذار صدر جئے پرکاش ریڈی نے گاندھی بھون حیدرآباد میں پارٹی دفتر پر قومی پرچم لہرایا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ آزادی کی جدوجہد کے موقع پر کانگریس نے یہ تحریک شروع کی تھی جس کی وجہ سے ہندوستان سے برطانوی حکومت کا خاتمہ ہوا تھا۔ جئے پرکاش ریڈی نے کہا کہ بی جے پی قیادت والی مرکزی حکومت لوگوں کو تقسیم کرتے ہوئے اپنے مفادات کو عزیز رکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت جوڑو یاترا کے ذریعہ کانگریس قائد راہول گاندھی نے لوگوں کو متحد کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

بنگلہ دیش کے کشیدہ حالات کے تناظر میں مودی حکومت نے ہند بنگلہ سرحد پر نظر رکھنے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے بتایا کہ اے ڈی جی، بی ایس ایف، اسٹنڈ کمانڈ بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب حکام کے ساتھ رابطہ میں رہیں گے اور ہندوستانی شہریوں خاص طور پر ہندوؤں اور دیگر اقلیتی طبقات کی سلامتی کو یقینی بنایا جائے گا۔ واضح رہے کہ بنگلہ دیش میں نوبل انعام یافتہ محمد یونس کی قیادت میں عبوری حکومت تشکیل دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆